# نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,  E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے سفارشات جاری کردیں

لاہور:**26** فروری**2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق اگیتی کپاس کے لئے موزوں وقتِ کاشت وسط فروری تا**31** مارچ ہے۔کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے ملتان، ساہیوال فیصل آباد، سرگودھا اور ڈیرہ غازی خان ڈویژنز کے اضلاع زیادہ موزوں ہیں۔اگیتی کاشت کے لئے محکمہ زراعت پنجاب کی طرف سے صرف کپاس کی ٹرپل جین اقسام کی سفارش کی جاتی ہیں۔ اس ضمن میں سفارش کی جاتی ہے کہ اگیتی کپاس کی کاشت کیلئے بیج فیڈرل سیڈسر ٹیفکیشن اینڈ رجسٹریشن ڈیپارٹمنٹ کا تصدیق شدہ ہو اور خالص ٹرپل جین قسم کا ہو ورنہ گلائفوسیٹ کا سپرے کرنے سے غیر ٹرپل جین اقسام کے پودے مرجائیں گے۔گلائفوسیٹ جڑی بوٹی مارز ہر اور ٹینڈے کی سنڈیوں خصوصا گلابی سنڈی کے خلاف قوت مدافعت رکھتی ہیں۔اگیتی کاشت کے لئے پودوں اور قطاروں کا باہمی فاصلہ کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے پودوں کی فی ایکٹر تعداد موسمی کاشت کی نسبت کم ہوتی ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ عام طور پر کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے پودوں کا قطاروں کا باہمی فاصلہ 2.5 فٹ اور پودوں کا باہمی فاصلہ 1.5 تا2 فٹ ہونا چاہیے۔کپاس کی اگیتی کاشت کے لئے سفارش کردہ اقسام کا معیاری تندرست، خالص اور بیماریوں سے پاک، تصدیق شدہ براترا ہوا بیج استعمال کریں۔چوکا لگاتے وقت 4 تا5 بیج فی چوکا لگائیں۔اگیتی کپاس کی ڈرل کاشت کے لئے 2 تا3 کلوگرام بیج فی ایکٹر زیادہ استعمال کریں۔کاشتکار ضرورت سے 10 فیصد زیادہ بیج کا انتظام کریں تاکہ ناغے وغیرہ لگانے کے لئے استعمال ہو سکے یعنی 60 فیصد اُگاؤ کی صورت میں 5 تا6 کلوگرام بیج استعمال کریں اور 75 فیصد یا زیادہ اُگاؤ کے لئے 4 تا5 کلوگرام بیج فی ایکڑ استعمال کریں۔

☆☆☆☆